بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء ۔ کم من فئۃ قلیلۃ غلبت فئۃ کثیرۃ باذن اللہ ۔ ان اللہ مع الصابرین

رجسٹرڈ نمبر ۲۵۴

روزنامہ

الفضل

ربوہ

The Daily
ALFAZL
RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت ۴۵ پیسے

جلد ۶۹/۳۴ | ۲۰ صفر ۱۴۰۱ھ ۔ ۲۹ فتح ۱۳۵۹ ۔ ۲۹ دسمبر ۱۹۸۰ء | نمبر ۲۹۴

اللہ تعالیٰ کے فضلوں رحمتوں اور برکتوں کے ساتھ

جلسہ سالانہ کا افتتاح عمل میں آگیا

پندرھویں صدی کے لئے ہمارا ماٹو حمد اور عزم کے علاوہ محبت و پیار اور خیر خواہی و خدمت ہوگا

ہمارے سب سے زیادہ پیار کے مستحق محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب ہونیوالے مسلمان بھائی ہیں

سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ کا افتتاحی خطاب

ربوہ ۲۶ فتح/دسمبر۔ سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا ہے کہ ہمارے سب سے زیادہ پیار کے مستحق ہمارے مسلمان بھائی ہیں۔ کیونکہ وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب ہوتے ہیں۔ حضور نے فرمایا پندرھویں صدی ہجری میں ہم محبت اور پیار سے نوع انسانی کو ایک نقطہ پر جمع کرنے کی کوشش کرینگے ہم چاہتے ہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام کی عزت آپ کے احترام اور نور اور حسن کو دنیا میں پھیلانے والے تمام لوگ ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو جائیں۔ اور یہ سب کچھ محبت اور پیار سے ہوگا۔ حضور نے احباب جماعت کو پندرھویں صدی کے لئے حمد اور عزم کے علاوہ محبت و پیار کا ماٹو دیتے ہوئے فرمایا کہ سارے غصے دل سے نکال دو اور ساری تلخیاں بھول جاؤ۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز آج صبح ساڑھے نو بجے کے قریب جماعت احمدیہ کے ۸۸ ویں جلسہ سالانہ کے افتتاحی اجلاس سے خطاب فرما رہے تھے۔ حضور ایدہ اللہ نے اپنے خطاب کے بعد پُرسوز اجتماعی دعا کروا کر جلسہ سالانہ کا افتتاح فرمایا۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطاب کا آغاز پُرسوز قرآنی دعاؤں سے فرمایا۔ حضور نے پانچ قرآنی دعائیں بار بار دوہرا کر پڑھیں۔ اور ان کا ترجمہ سنایا بعد ازاں حضور نے فرمایا کہ یہ پندرھویں صدی ہجری کے پہلے جلسہ سالانہ کے پہلے دن کا پہلا اجلاس ہے۔ اور یہ اس اجلاس کی پہلی یعنی افتتاحی تقریر ہے۔ حضور نے ماضی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ چودھویں صدی میں ہم نے ابتلاء بھی دیکھے۔ آندھیں بھی بھڑکتی پائیں اور امتحانوں سے بھی گزرے۔ مگر ان امتحانوں کے دوران ہم نے اللہ تعالیٰ کی نصرت کو بارش کے قطروں سے بھی زیادہ تعداد میں برستے دیکھا۔ حضور نے فرمایا کہ ہم نے اللہ تعالیٰ کے نام کو پھیلانے کی حقیر کوششیں بھی کیں۔ اور یہ بھی دیکھا کہ جہاں ہم نے ایک پیسہ لگایا۔ وہاں اللہ تعالیٰ نے ایک کروڑ روپے کا نتیجہ نکال دیا۔ حضور نے فرمایا کہ مجموعی نظر سے دیکھا جائے تو اس صدی میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عظیم روحانی قوت قدسیہ کے نتیجہ میں جو انقلاب پیدا ہوا ہے اس نے اس زمانہ میں اپنے عروج کو پہنچا ہے۔ اس انقلاب کی بنیاد پڑی۔ اور آنے والی صدی میں اس پر وہ عظیم عمارتیں تعمیر کی جائیں گی۔ جن میں قومیں بسیرا کریں گی۔ حضور نے فرمایا کہ اس مقصد کے لئے ہم نے بہت کچھ کرنا ہے۔ اپنے اور غیروں کے دل جیتنے ہیں اور اسلام کے حسن اور نور کو ان کو توں میں پہنچانا ہے۔ جہاں شیطانی ظلمات بھری پڑی ہیں۔

حضور نے فرمایا کہ ہم غریب اور بیکس ہیں۔ دنیا کے دھتکارے ہوئے ہیں۔ ہمارے پاس دولت نہیں۔ مگر ہم نے اس کا دامن تھام رکھا ہے۔ جو کہ ہر دو جہان کا مالک ہے۔ اور دنیا بھر کی بادشاہت جس کے ہاتھ میں ہے۔ حضور نے فرمایا کہ اللہ ہم کو بے حساب دے رہا ہے۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ وہ ہم کو بے حساب دیتا چلا جائے۔ حضور نے فرمایا کہ اچھی طرح سمجھ لو۔ کہ ہم میں کوئی طاقت نہیں۔ مگر جو سب طاقتوں کا سرچشمہ ہے ہم اس کے قدموں میں بیٹھے ہوئے ہیں۔

حضور نے فرمایا پچھلی صدی میں میں نے احباب جماعت کو حمد اور عزم کا ماٹو دیا تھا۔ حضور نے پندرھویں صدی کے لئے عظیم الشان ماٹوز کا اعلان فرمایا۔

حضور نے فرمایا کہ پہلا ماٹو محبت و پیار ہے۔ ہم نے محبت اور پیار سے دنیا بھر کے دل خدا تعالیٰ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے جیتنے ہیں۔ ہم ان سے بھی پیار کریں گے جو خدا تعالیٰ کو گالیاں دیتے ہیں اور ہم پیار سے ان کو راہ راست پر لانے کی کوشش کریں گے۔ حضور نے فرمایا ہمارا اگلا ماٹو خیر خواہی اور خدمت ہے۔ حضور نے فرمایا کہ دنیا سے فساد تبھی مٹ سکتا ہے۔ جبکہ دنیا انانیت کو چھوڑ کر خدمت کے مقام پر کھڑی ہوگی۔ حضور نے فرمایا کہ میں یہیں بتاتا ہوں کہ دنیا سے فساد نے مٹنا ہے۔ اور میرے اور تمہارے ہاتھوں سے مٹنا ہے تو ہمیں اس کے لئے قربانیاں دینی ہونگی۔ اور ہم دیں گے۔ حضور نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک خیر مقدم ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت بھلائی اور خیر خواہی کے لئے پیدا کی گئی ہے۔ حضور نے احباب کو نصیحت فرمائی کہ کسی کو دکھ نہیں دینا کسی کی

(باقی دیکھیں سلسلہ صفحہ پر)

اخبار احمدیہ

۔ ربوہ ۲۷ فتح/دسمبر۔ سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارے میں محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ حضرت اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ کی طبیعت خدا تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ احباب کرام توجہ اور التزام سے دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و سلامتی سے رکھے اور آپ کو اپنی خاص الخاص تائیدات اور فضلوں سے نوازتا رہے آمین

Digitized by Khilafat Library Rabwah

۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کو زکام ہے اور بلڈ پریشر کی تکلیف بھی ہے۔ احباب کرام التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ خدا تعالیٰ حضرت سیدہ ممدوحہ کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین

درخواست دعا

۱۔ مکرم کرنل ڈاکٹر تقی الدین احمد صاحب کا ہرنیا کا اپریشن ہوا تھا۔ تین چار ہفتے گزر گئے ہیں۔ تکلیف اور کمزوری دن بدن بڑھ رہی ہے۔ سر میں چکر آ رہے ہیں۔

۲۔ مکرم سید حضرت اللہ پاشا صاحب پیشاب کی تکلیف میں مبتلا ہیں۔ تکلیف زیادہ ہے۔

احباب جماعت ان دونوں بزرگ بھائیوں کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے خاص طور پر دعا فرمائیں۔

پبلشر۔ مسعود احمد۔ پرنٹر۔ سید عبدالحی۔ مطبع۔ ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقام اشاعت۔ دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

برائی نہیں کرنی۔ کوشش کرنی ہے کہ دنیا جو گناہوں، دکھوں، بے چینی اور بے اطمینانی کی بھٹی میں جل رہی ہے یہ سب دور کر کے ماحول اور معیشت میں خوشی اور اطمینان پھیلا دیا جائے تاکہ دنیا سمجھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم واقعی دنیا کے حقیقی محسن اعظم ہیں۔ حضور نے آخر میں فرمایا کہ دعا کرو اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ ہم اپنی ذمہ داریاں سمجھیں ان کو ادا کرنے والے ہوں خدا کے حضور کچھ پیش کرنے والے ہوں اور دعاؤں کے ذریعے۔ دعاؤں کے ذریعے، دعاؤں کے ذریعے اور بے حد دعاؤں کے ذریعے اس کے فضل کو جذب کرنے والے ہوں۔ اس کے بعد حضور نے دعا کروائی اور بلند آواز سے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہہ کر تشریف لے گئے۔

محبوب امام ایدہ اللہ تعالیٰ کی آواز پر مخلصانہ لبیک

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۳۱ اکتوبر ۸۰ء کو تحریک جدید کے مالی سال ۴۷/۴۶ کا اعلان فرمایا تو بفضل خدا انفرادی اور جماعتی سطح پر اشاعت اسلام کیلئے مالی وعدے سابقہ کی روح کے ساتھ موصول ہونے شروع ہو گئے۔ چنانچہ پہلے دن جماعتی سطح پر پیش ہونیوالوں کی پانچویں قسط بغرض دعا درج ذیل ہے

۱۔	جماعت احمدیہ اسلام آباد	۶۰،۰۰۰/-
۲۔	" " راولپنڈی	۷۰،۰۰۰/-
۳۔	" " پشاور شہر	۱۸،۰۰۰/-
۴۔	" " جہلم	۱۳،۱۹۳/-
۵۔	" " میرپور آزاد کشمیر	۱۷۳۶/-
۶۔	" " کوٹلی آزاد کشمیر	۵۰۷۵/-
۷	" " کوہاٹ	۲۵۵/-
۸۔	" " گوجر خان راولپنڈی	۴۸۹۴/-
۹۔	" " چوکنا نوالی ضلع گجرات	۳۴۳/-
۱۰۔	" " کوٹ فتح خان ضلع اٹک	۴۴۲/-
۱۱۔	" " پبی ضلع پشاور	۲۸۰۱/-

(وکیل المال اول تحریک جدید)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

دعائے مغفرت

میرے والد مکرم سید عبدالکریم صاحب ولد بڈھا صاحب (سابق کارکن بورڈنگ ہاؤس قادیان) ۱۸ نومبر بروز منگل رات آٹھ بجے حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال فرما گئے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

میت بذریعہ ہوائی جہاز ربوہ لے جائی گئی۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت نماز جنازہ پڑھائی۔ اور قبرستان عام بہشتی مقبرہ میں دفن کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔

میرے والد محترم قادیان میں ایک پرانے اور مخلص احمدی مولوی صدرالدین صاحب صحابی کے گھرانے سے تعلق رکھتے تھے اور ان کے چچازاد بھائی تھے۔ بچپن میں ہی ایک خواب کے ذریعہ احمدیت قبول کی جماعت کے ساتھ محبت میں ہمیشہ ہی ہمارے لیے ایک مثال بنے رہے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں رزق حلال سے بے حد نوازا اور وہ بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے قربانیوں میں پیش پیش رہے۔ جماعت کی ہر آواز پر لبیک کہنے والے تھے۔ انکساری اور عاجزی ان میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی جھوٹ سے انہیں سخت نفرت تھی۔ ہمیشہ سچ بولنا ہمیں نصیحت فرماتے تھے کہ دین کو ہمیشہ دنیا پر مقدم رکھنا۔ مرحوم نے اپنے پیچھے تین بیٹے ایک بیٹی ۴۴

سیدنا حضرت اقدس بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کا شیریں اور پُر معارف کلام

جماعت احمدیہ کے ۸۸ ویں جلسہ سالانہ میں (جو پندرہویں صدی ہجری کا پہلا جلسہ سالانہ ہے) کے افتتاحی اجلاس منعقدہ ۲۶ فتح ۱۳۵۹ ہش بمطابق ۲۶ دسمبر ۱۹۸۰ء میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی زیر ہدایت مکرم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اول تحریک جدید نے تلاوت قرآن مجید کے بعد جو مکرم ڈاکٹر حافظ مسعود احمد صاحب نے کی۔ سیدنا حضرت اقدس بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کا درج ذیل شیریں اور پُر معارف کلام خوش الحانی سے پڑھ کر سنایا۔

حمد و ثنا اسی کو جو ذات جاودانی — ہمسر نہیں ہے اسکا کوئی نہ کوئی ثانی
باقی وہی ہمیشہ غیر اس کے سب ہیں فانی — غیروں سے دل لگانا جھوٹی ہے سب کہانی
سب غیر ہیں وہی ہے اک دل کا یار جانی
دل میں مرے یہی ہے سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

جو کچھ ہمیں ہے راحت سب اسکی جود و منت — اس سے ہے دل کو بیعت دل میں ہے اسکی عظمت
بہتر ہے اس کی طاعت، طاعت میں ہے سعادت
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

سب کا وہی سہارا رحمت ہے آشکارا — ہم کو وہی پیارا دلبر وہی ہمارا
اس بن نہیں گزارا غیر اس کے جھوٹ سارا
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

اے تاب و توانا آفات سے بچانا — ہم تیرے در پہ آئے ہم نے ہے تجھ کو مانا
غیروں سے دل غنی ہے جب سے ہے تجھ کو جانا
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

سب کچھ تیری عطا ہے گھر سے تو کچھ نہ لائے

ہوئے ہم تیرے اے قادر و توانا — ترے در کے ہوئے اور تجھ کو جانا
ہمیں بس ہے تیری درگہ یہ آنا — مصیبت سے ہمیں ہر دم بچانا
کہ تیرا نام ہے غفار و ہادی
فَسُبْحَانَ الَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

بہار آئی ہے اس وقت خزاں میں — لگے ہیں پھول میرے بوستاں میں
ملاحت ہے عیاں اس دلستاں میں — ہوئے بدنام ہم اس سے جہاں میں
عدو جب بڑھ گیا شور و فغاں میں — نہاں ہم ہو گئے یار نہاں میں
ہوا مجھ پر وہ ظاہر میرا ہادی
فَسُبْحَانَ الَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

تجھے دنیا میں ہے کس نے پکارا!! — کہ پھر خالی گیا قسمت کا مارا!
تو پھر ہے کس قدر اس کو سہارا — کہ جس کا تو ہی ہے سب سے پیارا
ہوا میں تیرے فضلوں کا منادی
فَسُبْحَانَ الَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

تجھے سب زور و قدرت سے خدایا — تجھے پایا ہر اک مطلب کو پایا
ہزار اک عاشق نے ہے اک بُت بنایا — ہمارے دل میں یہ دلبر سمایا!
وہی آرام جاں اور دل کو بھایا — وہی جس کو ہمیں رب البرایا
ہوا ظاہر وہ مجھ پر بالآیادی
فَسُبْحَانَ الَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پندرہویں صدی کے پہلے جلسہ سالانہ پر خدائی انعامات کا ایک اور مظہر

دو سو بائیس احباب و خواتین کو تقاریر کے تراجم سنائے گئے

انڈونیشی اور انگریزی زبان میں ساتھ کے ساتھ ترجمہ کیا گیا

ربوہ ۲۶ فتح / دسمبر پندرہویں صدی ہجری کے پہلے جلسہ سالانہ کے موقع پر جماعت احمدیہ کی عالمگیر وسعت اور دنیا کے کونے کونے میں خدائی تائید و نصرت کے درخشندہ نشانوں کا ایک اظہار اس طرح سے ہوا ہے کہ جماعت کی تاریخ میں پہلی بار بیرون پاکستان سے آئے ہوئے معزز مہمانوں کے لئے دو زبانوں میں تقاریر کے ترجمے کا بندوبست نہایت کامیابی اور خیر و خوبی سے جاری ہوا ہے الحمد للہ ثم الحمد للہ

اس جلسہ سالانہ پر کل ۲۲۲ افراد خواتین کے لئے انگریزی اور انڈونیشین زبان میں ترجمہ کا بندوبست کیا گیا ہے۔ ان میں انگریزی زبان کے ترجمے کی سہولت ۱۰۸ مردوں اور ۵۴ عورتوں کو دی گئی ہے۔ جبکہ انڈونیشی زبان کا ترجمہ ۴۰ مردوں اور ۲۰ عورتوں تک پہنچ رہا ہے۔ اس مقصد کے لئے مردانہ اور زنانہ جلسہ گاہ میں دو دو مترجم کے کیبن بنائے گئے ہیں۔ جہاں پر ترجمہ کرنے والا بیٹھتا ہے اور ہیڈ فون کے ذریعے جو کہ اس کے کانوں پر لگے ہوتے ہیں اردو تقریر سن کر اس کا انگریزی یا انڈونیشین زبان میں ترجمہ کرتا ہے۔ جو کہ سامع کے کانوں تک ہیڈ فون کے ذریعے پہنچا دی جاتی ہے۔ مردانہ جلسہ گاہ میں مرد ترجمہ کرتے ہیں اور زنانہ جلسہ گاہ میں خواتین مترجم کے فرائض سرانجام دیتی ہیں۔ تاہم جو تقریریں مردانہ جلسہ گاہ سے عورتوں کی جلسہ گاہ میں ریلے کی جاتی ہیں۔ ان کا ترجمہ بھی مردانہ جلسہ گاہ سے ہی ریلے کیا جاتا ہے۔

اس سارے نظام کے منتظم اعلیٰ مکرم منیر احمد صاحب فرخ ہیں۔ جن کے ساتھ ملک لال خان صاحب اور مکرم کیپٹن ایوب احمد ظہیر صاحب نے کام کیا ہے کیبن بنانے اور لکڑی وغیرہ کا کام مکرم عبدالکریم صاحب لودھی نے انجام دیا ہے۔ جبکہ نظام کی فنی درستگی میں اس وقت محمود مجیب اصغر صاحب، بشیر احمد صاحب گوندل اور منصور محمد ثنا صاحب نائب کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ اس نظام کو چلانے کے لئے مردانہ جلسہ گاہ میں ۱۸ افراد ڈیوٹی دے رہے ہیں جبکہ زنانہ جلسہ گاہ میں یہ نظام چلانے والی خواتین کی تعداد سولہ ہے۔ جن کی انچارج مکرمہ امۃ الجمیل صاحبہ ہیں جو کہ خود ترجمہ بھی کرتی ہیں۔ احمدی خواتین کی فنی سوجھ بوجھ اور ذہانت کا اندازہ اس امر سے کیا جا سکتا ہے کہ زنانہ جلسہ گاہ میں یہ سارا انتظام مکرم منیر احمد صاحب فرخ کی زیر نگرانی خواتین نے مکمل طور پر خود نصب کیا ہے اور اب وہ اسے خود ہی نہایت کامیابی کے ساتھ چلا رہی ہیں۔

یہ منصوبہ فضل عمر فاؤنڈیشن کی مالی معاونت اور محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب کی سرپرستی میں تکمیل کو پہنچا ہے۔ مکرم منیر احمد صاحب فرخ نے بتایا اس سارے کام پر ایک لاکھ سے کم خرچ ہوا ہے۔ جبکہ بجلی کی کمپنیوں سے جب یہ نظام نصب کرنے کو کہا گیا تھا۔ تو انہوں نے پچاس لاکھ روپے کے لگ بھگ رقم مانگی تھی۔ اس لحاظ سے اس نظام کی تنصیب احمدی انجینئروں کا ایک شاندار کارنامہ ہے۔

آج جلسہ سالانہ کے افتتاحی روز حضور ایدہ اللہ کی تقریر کا انگریزی ترجمہ مکرم مولانا نسیم سیفی صاحب اور مکرم آفتاب بسمل صاحب کراچی نے کیا جبکہ انڈونیشین زبان میں ترجمہ مکرم مولوی محمد سعید صاحب انصاری اور مکرم مولوی مرزا محمد ادریس صاحب نے کیا۔ دیگر مترجمین میں مکرم پیر فیض [illegible] مسعود احمد خان صاحب، مکرم آفتاب احمد صاحب لندن سکرم ڈاکٹر مجیب [illegible] صاحب لندن اور انڈونیشین زبان کے لئے مکرم خیر الدین صاحب، بشیر الدین صاحب، عبدالباسط صاحب، راجہ نصیر احمد صاحب اور یحییٰ پونتو صاحب شامل ہیں۔

شکریہ احباب و درخواست دعا

میری بیٹی آمنہ طیبہ عمر ۱۸ سال کی ۱۵ نومبر ۸۰ء کو اچانک وفات پر مجھے بہت سے احباب دوستوں کی طرف سے تعزیت اور ہمدردی کے خطوط موصول ہوئے ہیں فرداً فرداً جواب دے رہا ہوں۔ مجموعی طور پر بذریعہ اخبار الفضل میں ان تمام دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس سانحہ کے موقعہ پر ہم سے ہمدردی کا اظہار کیا۔

احباب کرام دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں صبر کی توفیق عطا فرمائے۔ اور بچی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے آمین۔

(میجر ڈاکٹر لقا پوری ۱۰۲ - ڈی ماڈل ٹاؤن لاہور۔)

ڈیرہ باجوہ ضلع بہاولنگر میں تربیتی جلسہ انعقاد

مورخہ ۲۳ نومبر ۱۹۸۰ء بعد نماز عشاء جماعت احمدیہ ڈیرہ باجوہ چک ۲۷۸/۲۷۹ ضلع بہاولنگر کے زیر اہتمام ایک تربیتی جلسہ منعقد ہوا صدارت کے فرائض خاکسار نذیر احمد خادم نے انجام دیئے آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ جو مکرم چوہدری محمد حنیف صاحب نے کی نظم ناصر احمد صاحب نے پڑھی۔ ازاں بعد ٹیپ ریکارڈ کے ذریعہ حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ایک روح پرور خطاب سنایا گیا جسے احباب نے بے حد اشتیاق و عقیدت سے سنا حضور کی مبارک و شیریں اور سیدھی دلوں میں اتر جانے والی، محبت و معرفت الٰہی عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑھانے والی اور غلبہ اسلام کی عالمگیر مہم میں خدائی نشانات و تائیدات اور بشارات کے ذکر پر مشتمل دلوں کو گرمانے والی اس تقریر نے احباب پر وجد کی کیفیت طاری کر دی عزیز طاہر محمود نے "انسان کی پیدائش کی غرض" پر تقریر کی اور بعدہ علی الترتیب مکرم چوہدری میزالرحمان احمد صاحب ایڈووکیٹ۔ مکرم چوہدری مظہر احمد صاحب باجوہ اور خاکسار نذیر احمد خادم نے "حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے علم کلام کی مقبولیت و برکات" "درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے" اور "پندرہویں صدی ہجری (غلبہ اسلام کی صدی) اور ہماری ذمہ داریاں" کے موضوعات پر پُر اثر تقاریر کیں۔ مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب باجوہ اور مکرم ملک سلطان احمد صاحب معلم وقف جدید نے بھی مفید اور دلچسپ اور علمی گفتگو فرمائی۔ دوسرے روز نماز فجر کے بعد خاکسار نے درس قرآن کریم دیا۔

تربیتی جلسہ دعا پر بخیر و خوبی ختم ہوا۔ الحمد للہ۔

(خاکسار نذیر احمد خادم
چک ۲۷۹/۲۷۸ ضلع بہاولنگر)

صم چار نواسے دو نواسیاں تین پوتے اور دو پوتیاں چھوڑی ہیں احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین۔

(عبدالحمید عارف ناظم صحت جسمانی
مجلس خدام الاحمدیہ ضلع کراچی

اعلان نکاح

مورخہ ۱۵/۱۲/۸۰ کو چک ۱۴۵/۱۰۰R میں میری بیٹی مسماۃ کلثوم نصرت کا نکاح مبلغ اکیس ہزار روپے حق مہر پر عزیزم داؤد احمد صاحب ولد چوہدری منظور احمد صاحب چک ۳۰/۱۱L ضلع ساہیوال کے ساتھ ہوا۔ اس نکاح کا اعلان مکرم برکت اللہ محمود صاحب مربی سلسلہ احمدیہ مقیم ملتان نے فرمایا۔ اور اسی روز تقریب رخصتانہ ہوئی۔ بارات میں دیگر معززین کے علاوہ مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب باجوہ امیر ضلع ساہیوال بھی تشریف لائے۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کے لئے خیر و برکت کا موجب اور ثمر ثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

چوہدری نصیر احمد نمبردار چک ۱۴۵/۱۰R
تحصیل جہانیاں۔ ضلع ملتان

ٹینڈر نوٹس

مندرجہ ذیل کاموں کے لئے محکمہ ہائی وے کے منظور شدہ ٹھیکیداروں سے جنہوں نے سال ۱۹۸۰ء کی فیس جمع کرا دی ہے۔ بمطابق کمپوزٹ شیڈول آف ریٹ ۱۹۷۹ء ہر ممبر ٹینڈرز درج ذیل تاریخوں کو مطلوبہ ٹینڈرز وقت مقررہ پر دن کے بارہ بجے ٹھیکیداروں یا ان کے نامزد نمائندوں کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ مزید تفصیلات کے لئے دفتر ہذا سے رجوع فرمائیں

نمبر شمار	تفصیل کام	تخمینہ لاگت	زر ضمانت	میعاد	تاریخ وصولی ٹینڈرز
۱-	بھیرہ بھلوال روڈ کے میل ۵۰ فرلانگ سات اور آٹھ کی ریٹنگ بطور سپیشل ریپیر	۸۲,۴۰۰/-	۱۶۵۰/-	۲ ماہ	1-1-1981
۲	بھیرہ بھلوال روڈ کے میل ۱۰ فرلانگ چار فرلانگ چھ اور سات کی ریٹنگ بطور سپیشل ریپیر	۷۹,۸۰۰/-	۱۶۰۰/-	۲ ماہ	1-1-1981
۳	جھنگ سرگودھا روڈ کے کلومیٹر ۵۹.۷ تا ۶۴.۰۰ پر پاسنگ بیز کی تعمیر	۱,۶۵,۰۰۰/-	۳۳۰۰/-	۲ ماہ	20-1-1981

مہتمم شاہراہات سرگودھا

IPL 7389

مخلصین جماعت سے نیک توقع

حالیہ مجویہ امام ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

"میں امید رکھتا ہوں کہ ہماری جماعت وقف جدید کے کام میں بھی جس کی ابتدا یکم جنوری اور جس کی انتہا ۳۱ دسمبر کو ہوتی ہے ..... بہت زیادہ حصہ لے گی"

توقع ہے کہ مخلصین جماعت اپنے پیارے امام ایدہ اللہ کے ارشاد کی تعمیل میں اپنا چندہ وقف جدید حتی المقدور اضافہ کے ساتھ ۳۱ دسمبر سے قبل ہی صدر انجمن احمدیہ میں داخل کرا دیں گے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔

ناظم مال وقف جدید ربوہ

جلسہ سالانہ کے مبارک موقعہ پر دو نئی اہم کتب

۱۔ تفسیر خاتم النبیین۔ مصنفہ جناب قاضی محمد نذیر صاحب فاضل رضی اللہ عنہ
۲۔ حقانیت احمدیت۔ مصنفہ جناب مولوی محمد صادق صاحب فاضل سماٹری رضی اللہ عنہ

(نظارت اشاعت)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سونے چاندی کے زیورات
اعلیٰ اور جدید ڈیزائنوں میں بنوانے کیلئے
اور
خرید و فروخت کے لئے
نیز
الیس اللہ بکاف عبدہ کی انگوٹھیاں
دیدہ زیب ڈیزائنوں میں اور سندھی و ترکستان کو کے خریدنے کا اعلیٰ مرکز
پاک گولڈ سمتھ
میاں عبدالمنان ناصر و میاں عبدالسلام صاحب
عقب جمال بیکری گول بازار ربوہ
فون ۵۵۰

مسلسل محنت پوری کوشش اور آپ کے شاندار تعاون کے ساتھ ترقی کی
طرف گامزن
قریشی میڈیسن کمپنی
تھوک انگریزی ادویات فروش
نزد سٹی بس اسٹاپ سرگودھا
دفتر و دکان۔ 751 بلاک 9 شاہین روڈ سرگودھا
سٹاکسٹ۔ فائزر لیبارٹریز۔ وائیتھ اینڈ بروز ویلکم کمپنی
ہمارا حلیم مزاج عملہ آپ کی خدمت مناسب ریٹ کم از کم Rates پر کرنے کیلئے ہر وقت موجود رہتا ہے۔ پروپرائٹر۔ ایم اشرف چوہدری
فون 2058 سرگودھا

بصد صد خوش آمدید
جلسہ سالانہ کے مبارک ایام
میں
مرکز احمدیت میں تشریف لانیوالے
احبابکے کی خدمت میں
ہم صدق دل سے مبارک باد عرض کرتے ہیں
آپ کا
ان مبارک ایام میں ربوہ آنا جلسہ کے دنوں میں یہاں قیام کرنا اور پھر واپس جانا ہر لحاظ سے مبارک ہو
اور آپ
ان میں زیادہ سے زیادہ روحانی فوائد اٹھائیں
دواخانہ حکیم نظام جان
منیجر حکیم انوار احمد جان چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ
فون ۷۳۹۹۷

ہر قسم کا سامان سائنس و اجی زخوں پر خریدنے کے لیے
آلائیڈ سائنٹیفک سٹور
فون ۶۴۵۰۰
گنپت روڈ لاہور کو ہمیشہ یاد رکھیئے!

موتیا بند
CATARACT
کا بلا آپریشن علاج
چالیس روزہ کورس کی قیمت ۵۸ روپے بذریعہ ڈاک۔ ۶۱/۵ منی آرڈر کر کے کورس مع ہدایات حاصل کر سکتے ہیں۔ نظر کی کمزوری، تاخونہ، پرانا آشوب چشم، گلرے، گوبا، بھینگا، کالا موتیا، پرنگ، گلاکوما وغیرہ امراض کے نسخہ جات کا لٹریچر ۲۵ پیسے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر مفت حاصل کریں۔
کیمسٹ ہومیو کلینک (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کلینک
رجسٹرڈ پاکستان
لاہور، کراچی، پشاور آفس گول بازار ربوہ
فون نمبر ۶۰۷/۶۰۷

سب سے پہلے
مرض اٹھرا کی دوا
پیش کرنے والے
مشہور دواخانہ
(حکیم نظام جان مرحوم والا)
گوجرانوالہ — ربوہ
فون نمبر ۷۴۸۴۴ — فون نمبر ۶۳۸